BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# برامپٹن سٹی کونسل نے ہیریٹیج ہائیٹس کے لیے تصوّراتی منصوبے کو منظور کر لیا

برامپٹن، آن (7 اگست 2020) – بروز بدھ، مورخہ 5 اگست کو اپنی میٹنگ کے دوران، برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن کے آخری غیر ترقی یافتہ ہیریٹیج ہائیٹس علاقے کے لیے ایک تصوّراتی منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔

4,000 ایکڑ زمین پر مشتمل اور برامپٹن کے کل رقبے کا 1/16 حصہ، ہیریٹیج ہائیٹس برامپٹن کے شمال مغرب میں واقع ہے اور مئے فیلڈ روڈ سے کریڈٹ رِوّر ویلی اور ونسٹن چرچ ہل بولیورد سے مسیساگا روڈ تک جاتا ہے۔ اسے برامپٹن 2040 ویژن میں ایک نئے ٹاؤن سنٹر کے طور پر مجوزہ جگہ کے طور پر نمایاں کیا گیا تھا – جو کام اور رہائش کے انتخابات کے ساتھ ایک مکمل، تمام خدمات والی، کثیر المقاصد استعمال والی جگہ ہوگی۔ ہیریٹیج ہائیٹس کے لیے تصوّراتی منصوبہ ایک ایسی کمیونٹی بنانے کے لیے بہترین عمل درآمد کی عکاسی کرتا ہے، جہاں مستقبل کے رہائشی اور آجر ایک صحت بخش طرز زندگی اور اعلیٰ معیار زندگی سے لطف اندوز ہو سکتے ہوں۔ یہ کمیونٹی کے ساتھ وسیع رابطے پر مبنی ہے اور رہنے، کام کرنے، سیکھنے اور کھیلنے کے لیے ایک قابل استحکام، قابل سکونت، متنوع اور صحت بخش جگہ کے طور پر ڈھانچہ وضع کرتا ہے۔

ہیریٹیج ہائیٹس کے منظور کردہ تصوّراتی منصوبے کے تحت برامپٹن کے لیے رہائش اور ملازمتوں میں بڑھوتریوں کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ اس منصوبے میں اعلیٰ درجے کی پبلک ٹرانزٹ، بشمول ایک مجوزہ گو اسٹیشن اور ٹریلز کے علاوہ کھلی جگہوں کے ایک مربوط نیٹ ورک کے ساتھ کئی اقسام کے رہائشی انتخابات موجود ہوں گے۔ اس منصوبے کے مرکز میں ہیریٹیج ہائیٹس سے گزرنے والے مجوزہ GTA ویسٹ ٹرانسپورٹیشن کوریڈور کی جگہ پر ایک شمالی/جنوبی موٹروے موجود ہے، جس میں ٹرکوں کے لیے ایک مخصوص لین موجود ہو گی۔ یہ مرکزی بولیوارد کمیونٹی کے لیے ایک کثیر المقاصد استعمال والا شہری مرکز بنا دے گا، جہاں رہائشی اور سیاح خریداری کرنے، مقامی ریسٹورینٹس سے لطف اندوز ہونے، کاروبار شروع کرنے اور ایک صحت بخش، چست اور متنوع طرز زندگی کا حصہ بننے کے قابل ہوں گے۔ مرکزی شہر میں موٹروے کے ساتھ ایک مجوزہ ویلنیس ڈسٹرکٹ بھی واقع ہے، جس میں مستقبل کے ممکنہ ہسپتال اور اضافی طبی معاونت کی خدمات کے لیے جگہیں بھی شامل ہوں گی۔ یہ منصوبہ ایک مکمل طور پر مربوط جدید کمیونٹی بنائے گا، جس میں انتہائی ماحول دوست طریقے سے ترقی کا کام ہو گا۔

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہیریٹیج ہائیٹس برامپٹن کے شہریوں کی تمناؤں کی بھرپور عکاسی کرتا ہو، سٹی متعلقہ اہم فریقین کے ساتھ عوامی رابطہ کاری کے اپنے وسیع عمل کو جاری رکھے گا۔ سٹی اس عمل کے اگلے حصے، ایک نظرثانی شدہ ثانوی منصوبے کو 2020 کے اختتام تک مکمل کرنے کے لیے مطلوبہ تکنیکی مطالعہ جات بھی منعقد کرے گا اور دیگر حکومتی درجات کے ساتھ قربت میں کام کرے گا۔

ہیریٹیج ہائیٹس اور علاقے کے لیے سٹی کے منصوبہ بندی پروگرام کے حوالے سے براہ کرم مزید معلومات کے لیے
www.brampton.ca/nwbrampton ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"ایسی مکمل، قابل استحکام اور مربوط کمیونٹیاں بنانا، جو رہائشیوں کو اعلیٰ معیار زندگی برقرار رکھنے کے قابل بنائیں، سٹی کونسل کے لیے ایک ترجیح ہے اور ہمیں اپنے برامپٹن 2040 ویژن کے حصول میں مدد دینے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ برامپٹن کے آخری غیر ترقی یافتہ علاقے کے طور پر، ہیریٹیج ہائیٹس شروع سے ہی درست کام کرنے کے لیے ایک پرجوش موقع ہے۔ مجھے اس بات پر اعتماد ہے کہ یہ تصوّراتی منصوبہ بالکل یہی حاصل کرے گا اور شمال مغربی برامپٹن میں نوکریاں، قابل برداشت رہائش اور رہنے، کام کرنے، سیکھنے اور کھیلنے کا موقع لائے گا۔

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی نے پورے برامپٹن میں سے ہر قسم کے تجربات اور پس منظر کے حامل شہریوں کی قیمتی رائے حاصل کی ہے اور اس ضروری باہمی تعاون کی یقیناً ہیریٹیج ہائیٹس کے تصوراتی منصوبے میں عکاسی ہوتی ہے۔ 2040 ویژن اس حوالے سے حقیقی تبدیلی لا رہا ہے کہ ہم منصوبہ بندی کیسے کرتے ہیں، بشمول تمام ترقی کو ایک بڑی اور اہم چیز کے طور پر دیکھنا۔ ہیریٹیج ہائیٹس کا منصوبہ ان اہداف کو حاصل کرنے میں ایک بنیادی حصہ ہے اور مجھے اس کی توثیق کرنے پر خوشی ہے۔"

*- مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4: چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"ہیریٹیج ہائیٹس ایک ایسی آگے کا سوچنے والی، خیال رکھنے والی اور خوبصورت کمیونٹی بنانے کے لیے ایک بہت منفرد موقع ہے، جس پر برامپٹن کے تمام رہائشی فخر محسوس کر سکیں۔ جبکہ ہم عوام اور دلچسپی رکھنے والے اہم فریقین کے ساتھ رابطہ کاری جاری رکھ ہوئے ہیں، ہم ان کے جذبے اور زبردست کردار کے شکرگزار ہیں۔ برامپٹن کے لوگ بہترین چیزوں کا حق رکھتے ہیں اور یہ تصوّراتی منصوبہ بہت بڑے پیمانے پر توقعات کو پورا کرتا ہے۔"

*- پیٹ فورٹینی، ریجنل کونسلر، وارڈز 7 اور 8: وائس چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"پچھلے پانچ سالوں سے، ہم نے ہیریٹیج ہائیٹس کے مستقبل کو شکل دینے کے لیے برامپٹن کے اہم فریقین، جگہوں کے مالکان اور رہائشیوں سے باہمی تعاون کے ساتھ کام کیا ہے۔ یہ تصوراتی منصوبہ ایک ایسے نظریے کا احاطہ کرتا ہے، جو زمین کو ایک مکمل وجود کے طور پر تیار کرتا ہے اور مستقبل میں قابل استحکام، متنوع اور قابل برداشت ترقی کے لیے سمت نمایاں کرتا ہے۔ ہمیں اس منصوبے کی توثیق کرنے پر فخر ہے اور ہم شمال مغربی برامپٹن میں ایک قابلِ سکونت اور مربوط کمیونٹی فراہم کرنے میں آگے بڑھنے کے لیے تمام فریقین کے ساتھ رابطہ جاری رکھیں گے۔"

*- مائیکل پلیسچی، ریجنل کونسلر، وارڈز 2 اور 6 اور ڈوگ وہلینز، سٹی کونسلر، وارڈز 2 اور 6، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کے رہائشیوں کی ضروریات اور خیالات کی عکاسی کرنے والی ایک کمیونٹی کی منصوبہ بندی اور تیاری ہمیں ایک شہر کے طور پر آگے بڑھاتی ہے اور ہیریٹیج ہائیٹس کا تصوراتی منصوبہ ہمیں اس علاقے کے لیے بالکل یہی کام کرنے کے ایک قدم قریب لے آیا ہے۔ عملہ ایک انتہائی قابل سکونت، مربوط اور مکمل کمیونٹی کی تخلیق کے مقصد سے ہیریٹیج ہائیٹس کے ثانوی منصوبے کی نظرثانی کرنے کے لیے رہائشیوں، جگہوں کے مالکان اور دیگر متعلقہ اہم فریقین کے ساتھ رابطہ جاری رکھنے کے لیے پر امید ہے۔"

*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca